سوال

(58)امام جعفر صادق کی اولاد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام جعفر صادق کی کتنی اولادیں تھیں، ان کے نام بتادیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام جعفر صادق اہل تشیع میں سیدنا علی سے شروع ہونے والے سلسلہ امامت کے چھٹے (6) امام تھے۔ آپ کا نام جعفر، کنیت ابو عبداللہ اور لقب صادق تھا۔ آپ امام محمد باقر کے بیٹے امام زین العابدین کے پوتے اور سیدنا حسین کے پڑپوتے تھے۔

آپ کے مختلف بیویوں سے دس بیٹے بیٹیاں تھے جن میں سے سات لڑکے اور تین لڑکیاں تھیں لڑکوں کے نام یہ ہیں۔

1۔ اسماعیل ٢- موسی کاظم ٣- عبداللہ ٤- اسحاق ٥- محمد ٦۔ عباس ٧۔ علی۔ اور لڑکیوں کے اسماء یہ ہیں : ١- ام فروہ ٢- اسماء ٣- فاطمہ (نورالابصار : ١٣٣)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی